## دریائے کابل پشاور میں متعدد نوجوانوں کے ڈوب کر ہلاک ہونے پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔20، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پشاور کے دریائے کابل میں متعدد نوجوانوں کے ڈوب کر جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے ڈوب کر ہلاک ہونے والے نوجوانوں کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## کراچی کا امن خراب کرنیوالے عناصر پاکستان کی ترقی کے دشمن ہیں، رابطہ کمیٹی
## علمائے کرام کراچی میں فرقہ وارانہ فسادات کی سازش کو ناکام بنانے کیلئے کردار ادا کریں

کراچی۔۔۔20، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کہا ہے پاکستان کی معاشی ترقی کیلئے کراچی میں امن وامان کی صورتحال لازمی ہے اور جو عناصر کراچی میں فرقہ واریت کی بنیاد پر بے گناہ شہریوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنا کر شہر کا امن خراب کرنے کی کوشش کررہے ہیں وہ پاکستان کی ترقی کے دشمن ہیں۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ امن دشمن عناصر کراچی میں فرقہ وارانہ فسادات کی سازش کررہے ہیں اور کراچی میں مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد کا قتل اسی سازش کا حصہ ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ کراچی، پاکستان کی معاشی ترقی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے اور کراچی کا امن تباہ کرکے پاکستان کی معاشی ترقی کا پہیہ جام کرنے والے پاکستان اور اس کے عوام سے ہرگز مخلص نہیں ہوسکتے لہٰذا ملک بھر کی محبّ وطن سیاسی و مذہبی جماعتوں اور عوام کو فرقہ وارانہ فسادات کی سازش کرنے والے عناصر کی کھل کر مذمت کرنی چاہئے۔رابطہ کمیٹی نے تمام مکاتب فکر کے علمائے کرام سے دردمندانہ اپیل کی کہ وہ کراچی میں فرقہ وارانہ فسادات کی سازش کو ناکام بنانے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں، سازشی عناصر پر کڑی نظر رکھیں اور اپنے اتحاد سے فرقہ وارانہ فسادات کی سازش کو ناکام بنادیں۔

## اوچ شریف میں زمیندار کی جانب سے خاتون پر کتے چھوڑنے کے واقعہ کا سختی سے نوٹس لیا جائے، شعبہ خواتین

کراچی۔۔۔20، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کی انچارج واراکین نے اوچ شریف میں زمیندار کی جانب سے خاتون پر کتے چھوڑنے اور مظلوم خاتون کو بچانے کیلئے آنے والے افراد پر فائرنگ کے واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس واقعہ کو انسانیت کی کھلی تذلیل قرار دیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ملک کے بیشتر علاقوں میں خواتین کے ساتھ زیادتی، ناانصافی اور ظلم کے واقعات رونما ہورہے ہیں جس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ جاگیردار، وڈیرے، زمیندار اور بااثر افراد اپنے آپ کو آئین وقانون سے ماوراء تصور کررہے ہیں۔شعبہ خواتین نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ اوچ شریف میں زمیندار کی جانب سے خاتون پر کتے چھوڑنے کے وحشیانہ اقدام کا سختی سے نوٹس لیا جائے، ملک کے منتخب ایوانوں میں منظور کئے گئے خواتین کے تحفظ کے بلوں پر سختی سے عملدرآمد کرایا جائے اور اس میں ملوث زمیندار اور اس کے حواریوں کو گرفتار کرکے آئین وقانون کے تحت سخت سے سخت ترین سزا دی جائے۔

## معروف سماجی وکاروباری شخصیت محمد افتخار کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔20، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے معروف سماجی وکاروباری شخصیت محمد افتخار کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ غم اور دکھ کی اس گھڑی میں ایم کیو ایم کے تمام کارکنان برابر کے شریک ہیں۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔

## کار میں دم گھٹنے سے گوجرانوالہ کے ایک ہی خاندان کے 5 کم سن بچوں کے جاں بحق ہونے پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی ۔۔۔20، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے گوجرانوالہ میں حادثاتی طور پر کار میں دم گھٹنے سے ایک ہی خاندان کے 5 کم سن بچوں کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے جاں بحق ہونے والے بچوں کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق ہونے والے بچوں کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیو ایم شاہ فیصل، لیاقت آباد اور ابراہیم حیدری سیکٹرز کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔20، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم شاہ فیصل سیکٹر یونٹ 108 کے کارکن ریحان عثمان کی والدہ محترمہ بانو بیگم، ایم کیو ایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 161 کے کارکن کامران کے والد عبدالوحید خان اور ایم کیو ایم ابراہیم حیدری سیکٹر یونٹ چکرا گوٹھ کے کارکن گل حسن کے والد رئیس بلند خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆